## Work Related Behaviors

### خصوصی بچوں کے لیے ضروری ہدایات

محترم والدین

جب آپ بچے کے ساتھ کام کر رہے ہوتے ہیں تو بچے کو کام کے لیے تیار کرنے کے لیے مندرجہ ذیل کچھ نکات ذہن میں رکھنا ضروری ہیں۔

بچے کی کارکردگی بہتر کرنے کے لیے کام کے دوران نظر ملا کر دیکھنا، آنکھ اور ہاتھ کے درمیان ہم آہنگی، نقل کرنا، کام پر توجہ دینا، ہدایات پر عمل کرنا اور کام کے لیے بیٹھنا بہت ضروری ہیں۔لہذا نیچے دی گئی ہدایات کو تھراپی سیشن کے کام کروانے کے دوران ذہن میں رکھیں۔

### نظر ملا کر دیکھنا

بچے کا کام کے دوران کام کروانے والے انسان سے اور جن چیزوں سے کام کروایا جا رہا ہو ان سے نظر ملا کر دیکھنے کو بہتر کرنے کے لیے بلبلے بنائیں، جھنجھنا ہلائیں، بچے کی پسندیدہ چیز کو اوپر نیچے حرکت دیں۔



**سامان:**

بلبلے، جھنجھنا، پسندیدہ کھلونا، جھولا، رنگ ٹاور۔

Rising Sun Institute for Special Children

### سرگرمی مثال 1

بچے کو بلبلے بنانے کی سرگرمی میں محو کریں۔بلبلوں کو پکڑیں اور ختم کر دیں۔بچہ مزید بلبلوں کی امید رکھے ۔مزید بلبلے بنانے سے پہلے بچے کا بلبلوں کو نظر ملا کر دیکھنے کا انتظار کریں۔




### سرگرمی مثال 2

آواز والا کھلونا لیں جیسے جھنجھنا۔پھر آواز ختم کر دیں اور دوبارہ جھنجھنا ہلانے سے پہلے انتظار کریں کہ بچہ جھنجھنے کو نظر ملا کر دیکھے۔




### سرگرمی مثال 3

بچے کو ایک وقت میں ایک رنگ دیں اور اگلا رنگ دینے سے پہلے اسکی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ آپ سے نظر ملا کر دیکھے۔اگر بچہ کی دلچسپی ختم ہونے لگے تو رنگ سر پہ رکھیں، گرائیں اور پکڑیں پھر اپنے پیچھے چھپا دیں۔جب بچہ آپ کو نظر ملا کر دیکھے تو بچے کو رنگ دے دیں۔

Rising Sun Institute for Special Children





## سرگرمی مثال 4

جب بچہ جھولا جھول رہاہو آپ بچے کے سامنے کھڑے ہو جائیں۔ کبھی کبھی جھولا روکیں اور کہیں "تیار رہو" کچھ دیر انتظار کریں اس امید کے ساتھ کہ بچہ آپ کو نظر ملا کر دیکھے اور فورا کہیں "جاؤ"۔ جیسے بچہ آپ کی طرف آسانی سے مڑ کر دیکھے اسکی حوصلہ افزائی کے لیے بولیں "جاؤ"۔



Rising Sun Institute for Special Children

## آنکھ اور ہاتھ کے درمیان ہم آہنگی

آنکھ اور ہاتھ کے درمیان ہم آہنگی کو مختلف سرگرمیوں کی مدد سے بہتر کریں جیسے گیند اچھالنا، چھوٹی گیندیں ڈبے میں ڈالنا، گیند پھینک کر بوتلیں گرانا۔

**سامان:**

گیند، رنگز، رنگز ڈالنے کے لیے سٹکز۔

**سرگرمی مثال 1**

بچے کو گیند پکڑنے اور پھینکنے کی مشق کروائیں۔ شروع میں بچہ آپ کی مدد سے گیند پکڑ اور پھینک سکے گا۔ آہستہ آہستہ مدد ختم کریں اور اسکی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ خود گیند پکڑ اور پھینک سکے۔



Rising Sun Institute for Special Children

## سرگرمی مثال2

بچے کے ہاتھ میں رنگ دیں اور وہ رنگ سٹک پہ پھینکے۔ اگر بچہ کرلے تو اسکی حوصلہ افزائی کریں۔ شروع میں بچے کو رنگ کے قریب کھڑے ہو کر پھینکنے دیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ سٹک سے فاصلہ بڑھائیں۔




## نقل کرنا

بچے آپ کی حرکات اور الفاظ کو نقل کر سکتے ہیں جیسے تالی بجانا۔





Rising Sun Institute for Special Children

**سامان:**

شیشہ، میز۔

**سرگرمی مثال 1**

نقل کرنے کے لیے بچوں کی نظموں کا استعمال کریں جیسے میز تھپتھپاؤ، تالی بجاؤ تالی بجاؤ وغیرہ






**سرگرمی مثال 2**

بچے کی "اتنا بڑا" لفظ کی پہچان کرنے پر حوصلہ افزائی کریں۔ آپ کہیں (بچے کا نام لے کر) احمد کتنا بڑا؟ پھر اپنے بازو سر تک اوپر اٹھائیں اور کہیں "اتنا بڑا!" شروع میں بچے کے ہاتھ پکڑ کر سر تک اوپر اٹھائیں۔ کچھ دفعہ کروانے کے بعد آپ آرام سے بچے کے ہاتھوں کو ہاتھ لگائیں۔ آہستہ آہستہ بچہ خود نقل کر کے حرکت کر سکے گا۔




Rising Sun Institute for Special Children

## توجہ دینا

توجہ مختلف سرگرمیوں کی مدد سے بڑھائی جاسکتی ہے۔ جیسے موتی پرونا، رنگ بھرنا، کاغذ کاٹنا، چیزیں الگ کرنا۔

### سامان:


کاغذ، قینچی، موٹے رنگ، موتی، رسی۔

### سرگرمی مثال 1

برائے مہربانی بچے کی حفاظت کا خیال رکھیں۔ قینچی بچے کے لیے خطرناک چیز ہے۔ گول منہ والی قینچی بچے کے مطابق استعمال کریں۔ کاٹنے کے لیے کاغذ اور قینچی دیں۔ شروع میں بچے کو چھوٹے چھوٹے ٹکرے کاٹنے کو کہیں پھر سادہ پیٹرن کاٹنے کے لیے دیں جیسے سیدھی لائن، دائرہ وغیرہ۔








### سرگرمی مثال 2

موتی رسی کے ساتھ ایک ڈبے میں رکھیں۔ رسی کے ایک طرف گرہ لگائیں۔ ایک ایک کرکے موتی بچے کو رسی میں ڈالنے کے لئے دیں۔ موتی رسی کے آخر تک دھکیلنے کے بعد اگلا موتی دیں۔ یہاں تک کہ ڈبے میں سے سارے موتی رسی میں ہوں۔

Rising Sun Institute for Special Children







## سرگرمی مثال 3

آپ بچے کی موتی / بلاک / بٹن انکے رنگ کے مطابق الگ کرنے پر حوصلہ افزائی کریں۔ غور کروائیں کہ 3 مختلف رنگ اور 3 مختلف رنگ کی ٹوکریاں ہیں۔ بچہ پھر آئے گا اور ایک رنگ کے مطابق الگ کرے اور دوسرے رنگ دوسرے رنگوں کی ٹوکریوں میں رکھیں۔









Rising Sun Institute for Special Children



## ہدایات پر عمل کرنا

چھوٹی چھوٹی ہدایات دیں۔ کھڑے ہو جاؤ، بیٹھ جاؤ، ادھر آؤ، رک جاؤ۔ سادہ زبانی ہدایات کی مدد سے / تصویروں کی مدد سے۔

ایک ہدایت کی پیروی کرنا۔ جیسے امی کو کپ دو۔

دو ہدایات کی پیروی کرنا۔ جیسے اپنے کمرے میں جاؤ اور اپنی جیکٹ لاؤ۔

تین ہدایات کی پیروی کرنا۔ جیسے بلی، کتے اور بندر کی طرف اشارہ کرو۔

Rising Sun Institute for Special Children






## بیٹھنا

شروع میں بہت کم وقت کے لیے بچے کو کام کے لیے بیٹھنا سکھائیں۔ شروع میں کام کرواتے ہوئے بچے کی کوئی سی پسندیدہ چیز ساتھ رکھ دیں۔

آہستہ آہستہ بچے کے گولز کی طرف توجہ کروائیں اور پسندیدہ چیز وقفے وقفے سے دیں۔ آہستہ آہستہ وقت بڑھاتے جائیں۔



کام کروانے کے لیے کرسی اور میز کا استعمال کریں۔ اگر کرسی اور میز نہیں ہے / بچہ کرسی اور میز پر نہیں بیٹھتا تو زمین پر بیٹھنے کے لیے کوئی میٹ یا چادر استعمال کریں۔ ارد گرد سے دھیان بھٹکانے والی چیزیں دور کر دیں۔





Rising Sun Institute for Special Children

**کام کرتے ہوئے کچھ مزید ضروری باتیں:**

**خطرناک جگہوں کا اندازہ لگانا اور خود کو بچانا**

بچہ خطرناک جگہوں کا اندازہ لگا سکے اور خود کو محفوظ رکھ سکے۔










Rising Sun Institute for Special Children

**کام کرنے کے بعد جگہ صاف کرنا**

آخر میں کام ختم کرنے کے بعد جگہ صاف کرنا سکھائیں۔






**نوٹ:** یہ تمام سرگرمیاں صرف مثال کے لیے دی گئی ہیں آپ اس کے علاوہ کے گھر میں موجود چیزیں استعمال کر سکتے ہیں جیسے بوتلوں کے ڈھکن موتی پرونے کے لیے، ٹوکریاں چیزیں الگ الگ کرنے کے لیے، ڈبے ٹاور بنانے کے لیے وغیرہ وغیرہ